© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**سیّد ابوالاعلیٰ مودودی کے دروسِ قرآن**، مرتب: حفیظ الرحمٰن احسن۔ ناشر: اسلامک پبلی کیشنز، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۳۵۲۵۲۵۰۱-۰۴۲۔ صفحات: ۲۸۲۔ قیمت: ۲۸۰ روپے

رسالہ ترجمان القرآن (مدیر: سیّد ابوالاعلیٰ مودودی) کا نام بہت معنی خیز ہے۔ اس لیے کہ سیّد مودودی کی عمر بھر کی جدوجہد کا مقصد قرآنِ حکیم کے پیغام کی ترویج تھا اور اس کے لیے انھوں نے مختلف طریقے اختیار کیے۔ تفہیم القرآن کی تالیف، قرآنِ حکیم کی روشنی میں مختلف معاشرتی، اقتصادی اور عمرانی مسائل کی وضاحت اور دروسِ قرآن کے ذریعے سامعین کی تعلیم و تربیت۔ دروس کا یہ سلسلہ حیدرآباد دکن، دارالاسلام (پٹھان کوٹ) اور آخر میں لاہور میں ۷ستمبر ۱۹۶۷ء تک جاری رہا۔ اِن دروس کو بعض اصحاب نے فیتہ بند (ٹیپ) کیا اور اب انھی ٹیپ کردہ بعض دروس کو زیرنظر کتاب میں مرتب کیا گیا ہے۔ اِن میں سے چند ایک ترجمان القرآن کے گذشتہ شماروں میں شائع ہوچکے ہیں۔

دروسِ قرآن کی یہ پہلی کتاب، ۱۵ درسوں پر مشتمل ہے۔ دروس کی ترتیب قرآنی نہیں موضوعاتی ہے۔ (تفسیر تعوذ و تسمیہ، دُعا اور جوابِ دُعا، ایمان اور اطاعت، ہار جیت کے فیصلے کا دن، ایمان اور آزمایش، نفاق سے پاک غیرمشتبہ اخلاص، اللہ سے تجارت، بعثتِ رسولؐ اور حکمتِ دین، نمازِ جمعہ: حکمت اور تربیت، منافقین کا طرزِعمل، اسلامی معاشرت اور طلاق، نبیؐ کی خانگی زندگی، تہجد اور تربیتِ نفس)

سیّد مودودی کے یہ دروس اِس لیے اہم ہیں کہ تفہیم القرآن کے مقابلے میں مولانا نے یہاں نسبتاً تفصیل سے بات کی ہے، مثلاً: سورۂ فاتحہ کا درس ۲۲ صفحات پر مشتمل ہے، جب کہ تفہیم کے حواشی مختصر ہیں۔ ایک اور اعتبار سے بھی دروس کا مطالعہ دل چسپ ثابت ہوگا، مثلاً: ایک ہی سورہ یا بعض آیات کی تفہیمی تشریحات اور درسی تقاریر میں ۲۰، ۲۰ سال کا وقفہ ہے۔ یقیناً اِس عرصے میں



© rasailojaraid.com